بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
ستمبر 2026

# 1۔ قرآن کریم

سُوۡرَۃُ الۡغَاشِیَۃِ" کی آیات 25-27 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوال کا جواب دیں۔

- آیات 26 اور 27 میں وہ مضمون، جو سورۃ الاعلیٰ میں شروع کیا گیا تھا، کس طرح اختتام پذیر ہوتا ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 85–86
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 149-150:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=153

# 2۔ قرآن کریم کے احکامات

- سورۃ المائدہ کی آیت 2 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اَوۡفُوۡا بِالۡعُقُوۡدِ

(اپنے) عہدوں کو پورا کرو

قرآنِ کریم کے اس حکم پر غور کریں اور درج ذیل سوال کا جواب دیں۔

- ہم اللہ تعالیٰ کی طرف اپنی ذمہ داریوں کو بہترین رنگ میں ادا کرنے کی کس طرح کوشش کر سکتے ہیں؟
- حقوق اللہ کی ادائیگی میں غفلت سے بچنے کے لئے کیا تدابیر اختیار کی جا سکتی ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 87

## 3۔ملفوظات (جنرل میٹنگ)
## تقریر حضرت اقدس علیہ السلام۔18 جنوری 1898ء
## قبولیتِ دعا کے ذرائع

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی تقریر میں قبولیتِ دعا کے ذرائع بیان فرماتے ہیں نیز آپؑ نے دعا کرانے کے آداب کے متعلق بھی وضاحت فرمائی ہے۔
تقریر کے اس حصّہ کا مطالعہ کریں اور مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں۔

- حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قبولیتِ دعا کے کن تین ذرائع کا ذکر بیان فرمایا ہے؟
- دعا کرانے والے میں قبولیتِ دعا کے لیے کن صفات کا ہونا ضروری ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 104-106

## 4۔القصیدہ کے اشعار زبانی یاد کریں

**(51)**

**بَطَلٌ وَّحِيْدٌ لَا تَطِيْشُ سِهَامُهٗ**

**ذُوْ مُصْمِيَاتٍ مُوْبِقُ الشَّيْطَانِ**

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہ یگانہ (پہلوان) ہیں کہ جن کے تیر کبھی خطا نہیں جاتے۔

بلکہ (آپؐ تیر) عین نشانہ پر لگاتے ہیں اور شیطان کو ہلاک کرنے والے ہیں!

**(52)**

**هُوَ جَنَّةٌ إِنِّیْ أَرٰی أَثْمَارَهٗ**

**وَ قُطُوْفَهٗ قَدْ ذُلِّلَتْ لِجَنَانِیْ**

آپؐ ایک (بارونق) باغ ہیں میں یقیناً دیکھتا ہوں کہ اس باغ کے پھل

اور اس کے خوشے میرے دل کے قریب کر دیئے گئے ہیں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 106-107

# 5۔ شرائط بیعت سلسلہ عالیہ احمدیہ
## تیسری شرط

یہ کہ بلاناغہ پنج وقتہ نماز موافق حکم خدااور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداوت اختیار کرے گا۔ اور دلی محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو اپنا ہر روزہ ورد بنائے گا۔


تیسری شرطِ بیعت پر غور کرتے ہوئے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- پنج وقتہ نماز اور نمازِ تہجد کی ادائیگی ہمیں گناہ اور بداعمال سے کس طرح بچنے میں مدد دیتی ہیں؟
- ہمارے پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے استغفار اور خدا تعالیٰ کی حمد کی اہمیت، تفصیل سے بیان فرمائی ہے۔ استغفار اور خدا تعالیٰ کی حمد، اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہمارے تعلق کو کس طرح مضبوط کر سکتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 111

ذرائع کتاب: شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں۔ صفحہ نمبر 47-69

https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/shrait-e-baiat.pdf




click to read